مطبوعات

تعارف القرآن از جناب ڈاکٹر محمد احمد صدیقی، الہ آباد یونیورسٹی۔ مصنف (محلہ شاہ گنج، الہ آباد)، کتابستان، الہ آباد اور اسرار کریمی پریس الہ آباد سے مل سکتی ہے۔ قیمت عمہ

یہ کتاب اپنے نام کے مطابق فی الحقیقت قرآن کا خاصا وسیع تعارف کرا دیتی ہے۔ مؤلف نے اسے اتقان سیوطی کے طرز پر کسی قدر اجمال سے لکھا ہے۔ بہت سے عنوانات ہیں جن میں قرآن کے مندرجات و موضوعات اور متعلقہ تفسیری مسائل زیرِ بحث آئے ہیں۔ چھوٹی سی کتاب ابتدائی حد تک بڑی کافی معلومات فراہم کرتی ہے۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا طرزِ فکر بہت ہی صاف اور مضبوط ہے۔ کتاب کا کمزور پہلو یہ ہے کہ اس میں جابجا ایسی تفسیری روایات درج ہیں جو بجائے خود بحث و نظر کی محتاج ہیں۔ بہ حیثیت مجموعی یہ ایک قابلِ قدر کام ہے۔

مینا بازار تصنیف: ملا نور الدین محمد ظہوری۔ ترتیب و تشریح: جناب ڈاکٹر محمد احمد صدیقی بی اے آنرز۔ استاد عربی و فارسی الہ آباد یونیورسٹی۔

ملنے کا پتہ: اسرار کریمی پریس، الہ آباد، یوپی، انڈیا۔ قیمت ۸

یہ ایک فارسی کتاب ہے جس میں تھوڑی سی تاریخی اہمیت بھی ہے، لیکن فی الحقیقت یہ ایک معیاری ادبی نگارش ہے۔ اس کا اصل نام "زنانہ بازار" ہے۔ سجع و قافیہ کی موزونیت تراکیب کی جدت و ندرت، تشبیہ و استعارہ کی لطافت اور علو و نزاکتِ خیال اس تحریر کی خصوصیات ہیں۔ موضوع کے لحاظ سے یہ مغلیہ ثقافت کے ایک ایسے گوشے کو نمایاں کرتی ہے جس میں آنے والے دورِ زوال کی پرچھائیں پڑ رہی تھی۔ مینا بازار اکبر کی اختراع ہے۔ محل کی بیگمات اور اہلِ دربار کی پردہ نشین خواتین جمع ہوتیں۔ عورتیں ہی دکانیں اور خوانچے لگاتیں اور عورتیں ہی پہرہ و انتظام کی ذمہ دار ہوتیں لیکن بادشاہ اور محل کے شہزادوں پر بھلا کیا قدغن ہو سکتی تھی۔ بقول